Text of Morning Urdu Bulletin

0925 AM

Dated:16-07-2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینعابدہ اختر

کابینہ :

مرکزی کابینہ نے ملک میں سیمی کنڈکٹر ڈیزائن اور مینوفیکچرنگ کے شعبے کو فروغ دینے کیلئے "سیمی کنڈکٹر2.0"پروگرام کو منظوری دی ہے، جس کیلئے ایک لاکھ 27ہزار 5سو کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

کابینہ کے فیصلوں سے متعلق میڈیا سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیر اطلاعات و نشریات اشونی ویشنو نے کہا کہ سیمی کنڈیکٹر 1.0کی کامیابی کے بعد یہ نیا پروگرام بھارت کو عالمی سیمی کنڈکٹر صنعت میں ایک مضبوط مقام دلانے کی سمت ایک اہم قدم ثابت ہوگا

ایس جے شنکر:

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور یورپی یونین کے درمیان تجارتی و کا تیسرا اجلاس دونوں فریقوں کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم TTC ٹیکنالوجی کونسل کردار ادا کرے گا۔

سیکورٹی و دفاعی شراکت داری اور موبیلٹی فریم FTA انہوں نے کہا کہ مجوزہ آزاد تجارتی معاہدہ ورک اس شراکت داری کو نئی جہت دیں گے۔

اجلاس کے بعد میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت اور یورپی یونین کے درمیان اعتماد پر مبنی مضبوط تعلقات قائم ہیں۔

ایل جی:

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے وارانسی میں کل ڈاکٹر سریش اوستھی سمرتی نیاس کی طرف سے کے موضوع AI-Effects and Side Effects 20ویں پُونیہ سمرتی دیوس تقریبات کے سلسلے میں پرایک کلیدی خطبہ پیش کیا۔ایل جی اس موقعے پر ڈاکٹر اوستھی کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے انہیں ایک ایسا عظیم سکالر اوردانشمند قرار دیا جنہوں نے سما ج میں مثبت بدلاؤ لانے اور قوم سائنس کو بروئے کار لایا۔انہوننے کہا اگر چہ مصنوعی Political کی جڑیں مضبوط کرنے میں ذہانت نے زندگی کے ہر ایک شعبے میں ایک مثبت بدلاؤ لایا تاہم ایک ذی شعور سماج کو اس کا ضرورت کے مطابق حساسیت کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے۔

ایل جی مبارک:

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے بھگوان شری جگن ناتھ جی رتھ یاترا کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباددی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوننے دعاکی کہ بھگوان جگن ناتھ کا آشروادھ ہم سب کیلئے امن ، ترقی ، خوشحالی اور فلاح وبہبود کا باعث بنے۔

یاترا:

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری ہے اور اب تک لگ بھگ 3 لاکھ 40ہزاریاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے ہیں۔

اطلاعات کے مطابق آج صبح 8بجے تک 2ہزار 595یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے۔

ایل جی منوج سنہا نے اتنی بڑی تعداد میں یاتریوں کی آمد پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے یاتراکے احسن انعقاد میں شامل محکموں کی ستائش کی ہے۔

دریں اثناءآج جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے 5ہزار195یاتریوں پر مشتمل 15واں قافلہ وادی کیلئے روانہ ہوا۔ان میں تین ہزار 450یاتری پہلگام جبکہ ایک ہزار 745یاتری بال تل کے راستے یاترا کررہے ہیں۔

ڈی سی اننت ناگ:

اننت ناگ کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے اکن گام میں شری شیوا بھگوتی استھاپن کا دورہ کرکے وہاں شیوا بھگوتی جینتی کے سلسلے میں کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ شردھالوؤں کیلئے ہرطرح کی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

چندریکر بھارتی:

داخلہ و ڈیزاسٹر منیجمنٹ اور باز آبادکاری محکمے کے پرنسپل سیکرٹری چندریکر بھارتی نے کل سانبہ میں بیلا منوہر گاؤں کا دورہ کرکے وہاں نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فورس بٹالین ہیڈکوارٹر قائم کرنے کیلئے نشاندہی شدہ اراضی کا معائنہ کیا۔

انہوننے کہا کہ پروجیکٹ کی شروعات کیلئے تمام تر لوازمات کو جلد از جلد مکمل کیا جانا چاہئے۔

اعجاز اسد:

دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمے کے سیکرٹری محمد اعجاز اسد کی صدارت میں جموں وکشمیر میں JKRLM-UMEED سے متعلق لکھ پتی دیدی پہل جاری عملائی کے تحت Steering کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی۔اس موقعے پر فلیگ شپ لکھ پتی دیدی اسکیم کی عمل آوری میں تیزی لانے پر زوردیاگیا۔

سیکرٹری موصوف کو بتایاگیا کہ جموں وکشمیر میں اب تک 2لاکھ 40ہزار خواتین نے لکھ پتی دیدی کا مقام حاصل کیا ہے۔

فیسٹول:

سرینگر میں منعقد ہونے چنار بک فیسٹول SKICCرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کے تیسرے شمارے کے سلسلے میں کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔یہ نو روزہ فیسٹول نیشنل بک ٹرسٹ اور نیشنل کونسل فار پروموشن آف اردو لنگویج کی طرف سے 18جولائی سے 26جولائی تک منعقد کیا جارہاہے۔

ڈی سی نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ بک فیسٹول کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں۔

کولگام:

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم نے کل ایک میٹنگ کے دوران ڈسٹرکٹ کیپکس بجٹ کے تحت دردست لئے گئے کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں بتایاگیا کہ رواں مالی سال کے دوران ڈسٹرکٹ کیپکس بجٹ کے تحت 1ہزار 5سو نئے کام ہاتھ میں لئے گئے ہیں تاکہ ضلعے میں عوامی بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے کے ساتھ ساتھ عوام کو لازمی سہولیات دستیاب ہوسکیں۔

کپواڑہ:

واڑہ کے ضلع ترقیاتی کمشنر سری کانت سوسے نے کپواڑہ میں ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں عملائے جارہے مشن یوا کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر بتایا گیا کہ ضلعے میں مشن کے تحت 6ہزار 405درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی نے 4ہزار 794درخواستوں کو منظوری دی ہے۔ترقیاتی کمشنر نے درخواستو ں کے بروقت نپٹارے کیلئے بین محکمہ جاتی تال میل کی ضرورت پرزور دیا۔

عبادت ولی:

شمالی کشمیر سے تعلق رکھنے والے ایک نوجوان اتھیلیٹ عبادت ولی نے نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے پیغام کو عام کرنے کیلئے کل لالچوک اننت ناگ سے ڈی سی آفس بارہمولہ تک کا 119کلو میٹر کا سفر 10گھنٹوں اور 55منٹ کے اندر طے کیا۔

ساگر :

ری زبان کے ایک معروف شاعر اور ساگر کلچرل فورم کے ممبر غلام نبی لولہ کستور کل رانگر چاڈورہ میں انتقال کرگئے۔ان کے انتقال پر ساگر کلچرل فورم ژکر پٹن نے دکھ اور صدمے کا اظہار کیاہے۔

درجہ حرارت:

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing:

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

اجازت دیجئے۔خدا حافظ